## سوال

(506) سامعین جماعت میں کوئی حافظ سامع نہیں     الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تراویح میں ایک شخص تو حافظ قرآن سناتا ہے۔ لیکن سامعین جماعت میں کوئی حافظ سامع نہیں۔ اگر ایسے وقت کوئی ناضرہ قرآن شریف صف اول میں بیٹھ کر سنتا رہے۔ اور ٹوکتا بتاتا رہے اور وقت رکوع و سجود شریک جماعت ہوجایا کرے۔ تو از روئے شرع جائز ہے۔ یا ناجائز؟ (محمد عثمان ماستی)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا غلام تراویح میں امام ہوتا تو قرآن مجید کو دیکھ کر پڑھتا تھا۔ اور حضرت ممدوحہ اس کی اقتداء میں نماز پڑھتی تھیں۔ اس واقعے پر قیاس کیا جائے تو صورت مرقومہ جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد 01 ص 655**

محدث فتویٰ